# خصوصی اقدامات کا تعارف

جنوری 2024


NORTHUMBRIA POLICE & CRIME COMMISSIONER

NORTHUMBRIA POLICE

CPS

پولیس کو عصمت دری یا جنسی زیادتی کی اطلاع دینے یا رپورٹ کرنے کے بارے میں سوچنا انتہائی مشکل محسوس ہو سکتا ہے۔ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ عدالت میں کیس جانے اور مقدمے کی سماعت میں آپ کے ساتھ جو کچھ ہوا اس کے بارے میں بات کرنے کا خیال خوفناک اور تکلیف دہ محسوس ہو سکتا ہے۔ اسے ثبوت دینے کے طور پر بھی جانا جا سکتا ہے۔

اس عمل کے دوران آپ کو زیادہ پُرسکون محسوس کرنے اور آپ کے خوف یا پریشانی کو کم کرنے کی کوشش کرنے میں مدد کے لیے اضافی معاونت کی درخواست کی جا سکتی ہے۔ یہ 'اسپیشل میئرز' یعنی 'خصوصی اقدامات' کہلاتے ہیں- ایسے اقدامات جو آپ کو ثبوت دینے میں مددگارہوں ۔ آپ کو یہ خصوصی اقدامات استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ یہ نہیں چاہتے ہیں تو، لیکن یہ گائیڈ آپ کی رہنمائی کے لیئے دستیاب اختیارات کو ڈھونڈنے میں مدد کرتا ہے اور یہ کہ اس عمل کے لیے کہ خصوصی اقدامات کا اطلاق کس طرح کیا جا سکتا ہے۔.

## خصوصی اقدامات کا حقدار کون ہے؟

کمزور اور ڈرے ہوئے گواہان خصوصی اقدامات کے لیئے درخواست کر سکتے ہیں:

- ایک **کمزور** گواہ میں شامل ہو سکتے ہیں – 18 سال سے کم عمر کے لوگ؛ وُہ لوگ جن کو جسمانی یا ذہنی معذوری لاحق ہو یا بیماری ہو جو اُن کے عدالت میں مناسب طریقے سے شواہد پیش کرنے کی ان کی بہترین اہلیت پر اثر انداز ہوتی ہو۔

- ایک **ڈرے** ہوئے گواہ میں شامل ہو سکتے ہیں - ایسے لوگ جنہوں نے مخصوص قسم کے جرائم کا سامنا کیا ہو؛ جن میں عصمت دری اور جنسی حملہ، جدید غلامی اور ایسے جرائم شامل ہیں جن میں اسلحہ کا استعمال ہوا ہو۔ ڈرے ہوئے گواہوں میں وُہ لوگ بھی شامل ہیں جو گواہی دینے سے ڈرے ہوئے اور پریشان ہوں۔

اس لیئے اگر آپ نے جنسی تشدد کا سامنا کیا ہے تو آپ خصوصی اقدامات کے لیئے درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔



لہذا، اگر آپ کو جنسی تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہے تو آپ خصوصی اقدامات کا مطالبہ کرنے کے اہل ہوں گے۔

NORTHUMBRIA POLICE & CRIME COMMISSIONER
NORTHUMBRIA POLICE
CPS

## ہم کون سے خصوصی اقدامات کے لیے کہہ سکتے ہیں؟

### سکرینیں

عدالت کے داخلی دروازے اور گواہ کے کٹہرے کے ارد گرد سکرین یا پینل لگائے جا سکتے ہیں۔ سکرینیں آپ کو مدعا علیہ اور عوامی گیلری میں کسی کو دیکھنے سے بچاو کریں گی، اس لیے وہ آپ کو نہیں دیکھ سکتے اور آپ انہیں نہیں دیکھ سکتے۔ تاہم کمرہ عدالت میں موجود دیگر لوگ پھر بھی آپ کو دیکھ سکیں گے جیسے جج، جیوری، وکلاء، بیرسٹر اور عدالتی عملہ۔

### رازداری میں گواہی دینا

آپ کمرہ عدالت میں سے ہر اس شخص کو باہر جانے کے لیے کہہ سکتے ہیں جسے وہاں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عوام کے ارکان کو عدالت میں جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یہ عام طور پر صرف غیر معمولی، انتہائی حساس معاملات میں کیا جاتا ہے۔

### وگ اور گاؤن کو اتارنا

جب آپ اپنا گواہی ثبوت پیش کرتے ہیں تو ججز اور بیرسٹر اپنے وگ اور گاؤن اتار دیتے ہیں۔ یہ عام طور پر صرف ان لوگوں کے حوالے سے کیا جاتا ہے جن کی درجہ بندی کمزور گواہ کے طور پر کی گئی ہو۔

### ثالث

اگر آپ کی درجہ بندی ایک کمزور گواہ کے طور پر کی جاتی ہے، اور اگر آپ کو ان سوالات کو مکمل طور پر سمجھنے اور جواب دینے میں مدد کی ضرورت ہو جو آپ سے پوچھے جا رہے ہوں تو ایک ثالث آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

### رابطوں کے حوالے سے مدد

اگر آپ کی ایک کمزور گواہ کے طور پر درجہ بندی کی جاتی ہے، تو موصلاتی ذرایع کی مدد آپ کو ان سوالوں کو سمجھنے اور جواب دینے میں مدد دے سکتی ہے جو آپ سے پوچھے جا رہے ہوں جیسے کہ علامتی بورڈ یا تصاویر کا استعمال کرتے ہوئے۔

## میں کون سے خاص اقدامات کروانے کے لیے کہہ سکتی/ سکتا ہوں؟

### براہِ راست رابطہ (LiveLink)

اس اقدام کا مطلب ہے کہ آپ ذاتی کمرے سے براہ راست ویژوول لنک کے ذریعے ثبوت دے سکتے ہیں۔ یہ عدالت کی عمارت کے اندر کسی کمرے سے ہو سکتا ہے یا کسی اور مقام سے (ریموٹ ایویڈنس سویٹ) ۔ جو بھی آپ سے سوال پوچھ رہا ہے آپ اسے دیکھ سکیں گے جیسے کہ بیرسٹر یا جج ۔ آپ مدعا علیہ کو نہیں دیکھ پائیں گے لیکن عدالت میں موجود ہر شخص آپ کو ٹیلی ویژن کے لنک کے ذریعے دیکھ سکتا ہے۔ عدالتوں کی ایک چھوٹی سی تعداد کے پاس دوہرے خصوصی اقدامات کے لیے ٹیکنالوجی بھی ہے، جس کا مطلب ہے کہ مدعا علیہ کو آپ کو دیکھ سکنے سے روکا جا سکتا ہے۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ مدعا علیہ آپ کو دیکھے، تو آپ عدالت میں ثبوت دینے اور سکرین کے لیے درخواست دے سکتے ہیں (اوپر ملاحظہ کریں) ۔ برائے کرم آپ کیس سے نمٹنے والے پولیس افسر سے پوچھیں کہ کیا ایسے دوہرے خصوصی اقدامات آپ کے مقامی علاقے میں دستیاب کیے جاسکتے ہیں۔

### پہلے سے ریکارڈ شدہ کراس ایگزامنیشن (جرح) (جسے سیکشن 28 سماعت بھی کہا جاتا ہے)

یہ اقدام کراؤن کورٹ کے مقدمات میں صرف 18 سال سے کم عمر، معذور افراد (ذہنی یا جسمانی)، جنسی جرائم کے شکار یا جدید غلامی کے شکار افراد کے لیے دستیاب ہے۔ مجسٹریٹس عدالتوں میں یہ طریقہ کار دستیاب نہیں ہے۔ آپ اپنا کراس ایگزامینیشن (جرح) کروانے کے لیے اس اقدام کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جس کے تحت مقدمے کی سماعت سے قبل یہ ایک الگ سماعت میں ریکارڈ کیا جائے گا۔ اس کے بعد اسے مقدمے کی سماعت جو بعد کی تاریخ کے لیے مقرر ہو گی میں جیوری کے لیئے دوبارہ چلایا جائے گا، جس وقت کیس کے نتیجے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ جج، استغاثہ اور دفاعی بیرسٹرز اور مدعا علیہ سیکشن 28 کی سماعت میں کمرہ عدالت میں موجود ہوں گے۔ آپ اپنا ثبوت کسی دوسرے کمرے سے لائیو ٹیلی ویژن لنک کے ذریعے دیں گے۔

سیکشن 28 کا استعمال گواہوں کو قبل از وقت گواہی دینے میں مدد کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ عدالت اسے عموماً 18 سال سے کم عمر اور معذور افراد کے لیے استعمال کرے گی۔ اگر آپ جنسی یا جدید غلامی کے جرائم کے شکار ہونے والے فرد ہیں اور آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو جلد از جلد ثبوت دینے کی ضرورت ہے، مثال کے طور پر آپ کی ذہنی صحت پر کیس کے اثرات کی وجہ سے، تو یہ ایک ایسا اقدام ہے جس کے لیئے آپ درخواست کر سکتے ہیں۔

**س بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ کون سے خصوصی اقدامات دستیاب ہو سکتے ہیں، براہ کرم ملاحظہ کریں:**

https://www.cps.gov.uk/rasso-guide/support-give-your-evidence-special-measures-0

NORTHUMBRIA POLICE & CRIME COMMISSIONER
NORTHUMBRIA POLICE
CPS

## ایک بار جب میں نے فیصلہ کر لیا کہ کون سے خصوصی اقدامات ہیں جو میرے خیال میں میری مدد کریں گے تو کیا ہو گا؟

1) آپ اپنے کیس کے انچارج آفیسر (OIC) سے تفتیش کے کسی بھی مرحلے پر بات کر سکتے ہیں اور انہیں بتائیں کہ آپ کے خیال میں کون سے خصوصی اقدامات سے آپ کو عدالت میں ثبوت دینے میں مدد ملے گی۔

2) پولیس آفیسر کراؤن پراسیکیوشن سروس (CPS) کو بتانے کے لیے ایک فارم پُر کرے گا کہ آپ کون سا خصوصی اقدام چاہتے ہیں اور کیوں

3) سی پی ایس وہ لوگ ہیں جو پھر عدالت کی اجازت کے لیئے آپ نے جو خصوصی اقدام طلب کیا ہے اسے استعمال کرنے کے لیے درخواست دیں گے اور یہ کہ اس سے آپ کو کس طرح مدد ملے گی

4) ایک جج فیصلہ کرے گا کہ آیا خصوصی اقدامات کی منظوری دی جائے یا نہیں۔ پولیس آپ کو بتائے گی کہ جج نے کیا فیصلہ کیا ہے۔ یہ سب مقدمے کی سماعت سے پہلے ہونا چاہیے

خصوصی اقدامات خود بخود منظور نہیں ہوتے ہیں - ایک جج فیصلہ کرے گا کہ وہ مقدمے کی سماعت سے پہلے کون سے خصوصی اقدامات کو منظور کرتے ہیں۔

**اس لیے یہ بہت اہم بات ہے کہ اگر آپ اس بات کی وضاحت کر سکتے ہوں کہ آپ کو کیوں لگتا ہے کہ دستیاب خصوصی اقدامات میں سے ایک آپ کی مدد کر سکتا ہے اور آپ کے ثبوت دینے کے عمل میں حصہ لینے کے قابل ہونے پر کیسے مثبت اثر پڑ سکتا ہے۔ آپ سے یہ بھی پوچھا جا سکتا ہے کہ آپ کیوں سمجھتے ہیں کہ ایک خاص اقدام آپ کی مدد کرے گا۔**

آپ کا ISVA یا IDVA اور پولیس افسر اس میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

## میرا ISVA یا IDVA خصوصی اقدامات میں کس طرح مدد کر سکتا ہے؟

- ISVAs یا IDVAs آپ کے ساتھ خصوصی اقدامات پر بات کر سکتے ہیں اور آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کر سکتے ہیں کہ آپ کے لیے کیا دستیاب ہو سکتا ہے
- آپ کا ISVA یا IDVA آپ کی ضروریات اور خواہشات کی وکالت کر سکتا ہے اور آپ کو یہ بتانے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ کو کیوں لگتا ہے کہ آپ کو ایک خاص اقدام کا استعمال کرتے ہوئے گواہی ثبوت دینے سے فائدہ ہو گا
- اگر آپ چاہیں تو آپ کا ISVA یا IDVA پولیس یا نارتھمبریا وکٹم اینڈ وٹنس سروس (NVWS) عدالت کی امدادی ٹیم کے ساتھ رابطہ کر سکتا ہے، وہ بھی آپ کی طرف سے خصوصی اقدامات کے لیے عدالتوں میں درخواست دے سکتا ہے

## اگر میں اپنے اس خیال کو تبدیل کرتا ہوں کہ کون سا خصوصی اقدام میرے لیئے مددگار ہو گا تو کیا ہو گا؟

اس بارے میں اپنا خیال تبدیل کرنا کوئی غیر مناسب بات نہیں کہ کون سا اقدام آپ کے خیال میں ثبوت دینے میں آپ کی مدد کرے گا۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، براہ کرم جتنی جلدی ہو سکے اپنے کیس کے انچارج آفیسر (OIC) سے بات کریں تاکہ مقدمے کی سماعت سے پہلے ایک اور درخواست دی جا سکے۔ اس سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ اگر اجازت دی گئی ہے تو اس میں کوئی تبدیلی کرنے کے عمل کی مناسب وقت پر انتظامات کیے جا سکتے ہیں۔ آپ کا ISVA یا IDVA OIC کے ساتھ اس پر بات کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

## مقدمے سے پہلے کے دورے

مقدمے سے پہلے آپ پری ٹرائل وزٹ (مقدمے سے قبل دورہ) میں بھی شرکت کر سکتے ہیں۔ یہ اس لیے ہے آپ عدالت کے ماحول پر ایک نظر ڈال سکیں اور اپنے آپ کو عدالت کی عمارت اور سہولیات سے مانوس کر سکیں۔

گواہوں کے لیئے امدادی خدمت (وٹنس سروس) آپ کو کمرہ عدالت دکھانے کا بندوبست کر سکتی ہے اور کچھ خصوصی اقدامات بھی جن کے لیے آپ درخواست دے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کو دکھا سکتے ہیں کہ سکرینیں کیسی نظر آتی ہیں اور آپ کو لائیو لنک رومز میں سے کسی ایک میں لے جا سکتے ہیں۔ اس سے آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد مل سکتی ہے کہ آیا آپ کوئی خصوصی معاونت طلب کرنا چاہتے ہیں، اور اگر ایسا ہے تو کون سی۔

گواہ کی خدمت وٹنس سروس آپ کو وٹنس سویٹ بھی دکھائے گی، یہ وہ جگہ ہے جہاں آپ گواہی دینے سے پہلے انتظار کر رہے ہوں گے اور آپ کو عدالت کی عمارت میں داخل ہونے کے لیئے ایک علیحدہ، خصوصی داخلے کے ذریعے کا انتظام کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو مقدمے کے لیے مدعا علیہ کے ساتھ ایک ہی جگہ پہنچنے کی فکر نہ ہو۔
اگر آپ پری ٹرائل وزٹ میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم اپنے ISVA یا IDVA سے بات کریں جو آپ کے لیے اس کا سٹیزن ایڈوائس وٹنس سروس کے ذریعے بندوبست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو وہ بھی آپ کے ساتھ شرکت کر سکتے ہیں۔

### سکرین اور لائیو لنک روم کیسا دکھائی دیتا ہے اس کی مثالیں:







NORTHUMBRIA POLICE & CRIME COMMISSIONER
NORTHUMBRIA POLICE
CPS

## مثالیں

بیتھ نے پولیس سے یہ اطلاع دینے کے لیے رابطہ کیا کہ اس کے سابقہ ساتھی نے اس کی عصمت دری کی ہے۔

جب وہ آپس میں تعلقات رکھتے تھے تو وہ جسمانی طور پر بدسلوکی اور تسلط کا رویّہ اختیار کرتا تھا۔ بیتھ عدالت میں جانے اور اس کے ساتھ جو کچھ ہوا تھا اس کے بارے میں بات کرنے کے بارے میں بہت بے چین محسوس کر رہی تھی اور اسے شکوک وشبہات کا سامنا تھا کہ کیا وُہ اس میں سے گزرنے کے قابل ہو گی۔

بیتھ اپنے سابقہ ساتھی اور اس کے کنبہ کے اُن افراد جو اس کے ساتھ آ رہے تھے سے آمنا سامنا کرنے سے گھبرا رہی تھی کیونکہ وہ بھی اسے دھمکیاں دیتے رہے تھے۔

بیتھ نے اپنے *ISVA* کو سمجھایا کہ اگر وہ اپنے سابقہ ساتھی اور عوامی گیلری جہاں اس کا خاندان ہو سکتا تھا، کی نظروں سے ہٹ کرعدالت میں علیحدہ ایک سکرین کے پیچھے سے اپنا ثبوت دے سکے تو وہ پرسکون اور محفوظ محسوس کرے گی۔

بیتھ نے کہا کہ اگرچہ یہ جاننا ہی ایک مشکل ہو گی کہ وہ وہاں موجود ہیں، لیکن وہ اس طرح خود کو زیادہ آزادانہ طور پر بات کرنے کے قابل محسوس کرے گی اور انہیں دیکھ کر خوفزدہ نہیں ہوگی۔ آئی ایس وی اے نے بیتھ کو اس پولیس افسر کو سمجھانے میں مدد کی جس نے یہ معلومات *CPS* کو دی تھیں۔ انہوں نے عدالتوں میں درخواست دی، یہ بتاتے ہوئے کہ بیتھ کو سکرینوں کے استعمال سے فائدہ کیوں ہوگا اور یہ اجازت دے دی گئی۔

جینی کو اس کے ایک ساتھی نے کام کی طرف سے ایک شام باہر جانے کے دوران جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ اس نے پولیس کو اس کی اطلاع دی اور تفتیش کے بعد، ساتھی پر جرم کا الزام عائد کیا گیا جس کا مطلب یہ تھا کہ اسے ثبوت دینے کے لیے عدالت میں حاضر ہونا پڑے گا۔

جینی کو اپنی زندگی بھر ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا رہا تھا، جس میں ڈیپریشن اور اضطراب شامل تھے اور جینی مصروف اور ہجوم والی عوامی جگہوں میں باہر جانے کے بارے میں بے حد بے چینی محسوس کرتی تھی، خاص طور پر وہ جگہیں جہاں وہ پہلے نہیں گئی تھی۔

مختلف قسم کے خصوصی اقدامات کے بارے میں اپنے *ISVA* کے ساتھ بات کرنے کے بعد، جینی نے محسوس کیا کہ وہ عدالت کی عمارت کے اندر کی بجائے دور سے ثبوت دینے کے قابل ہو گی۔ جینی نے وضاحت کی کہ عدالت میں ثبوت دینے کے عمل کے انتظار سے کس طرح اس کی ذہنی صحت پر انتہائی منفی اثر پڑے گا۔

جینی نے کہا کہ جب وہ ماضی میں بے چین ہوتی تھی، تو وہ گھبراہٹ کے حملوں کا شکار ہوتی تھی اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ وہ سانس نہیں لے پا رہی۔ جینی کو خدشہ تھا کہ اس کی عصمت دری کرنے والے شخص کا اسی عمارت میں ہونا اس کی پریشانی کو جنم دے گا۔ جینی نے کہا کہ وہ یہ جان کر زیادہ پرسکون محسوس کرے گی کہ وہ اپنے *ISVA* کے ساتھ ایک علیحدہ، پوشیدہ عمارت میں انتظار کر رہی ہو گی۔

جینی کے کیس کے انچارج آفیسر نے اس کی وضاحت *CPS* سے کی اور انہوں نے جینی سے دور سے گواہی دینے والے خصوصی کمرے ریموٹ ایویڈنس سویٹ سے لائیو لنک کے ذریعے ثبوت دینے کو کہا۔ جینی کے *ISVA* نے ریموٹ ایویڈنس سوٹ کے پہلے سے آزمائشی دورے کا انتظام کرنے میں بھی مدد کی تاکہ جینی مقدمے سے پہلے عمارت سے خود کو مانوس کر سکے اور اس بات کو یقینی بنا سکے کہ وہ اس بارے میں مزید جانتی ہے کہ کیا توقع کرنا ہے۔

# خصوصی
# اقدامات
# کا تعارف

NORTHUMBRIA POLICE & CRIME COMMISSIONER

NORTHUMBRIA POLICE

CPS